پارٹ | 01

# تحریک ختم نبوت

## مختصر سوالات

**سوال نمبر01 |** تحریک کسے کہتے ہیں؟

**جواب:** جب کسی ملک، صوبے یا شہر کے بہت سے لوگ اکٹھے ہو کر کسی خاص مقصد کو حاصل کرنے کے لیے عملی میدان میں آتے ہیں تو اس عمل کو تحریک کہتے ہیں۔

**سوال نمبر02 |** تحریک کیوں چلائی جاتی ہے؟

**جواب:** اپنے جائز اور ضروری مطالبات یا مقاصد کو عملی میدان کے ذریعے سے پورا کروانے کے لیے تحریک چلائی جاتی ہے۔

**سوال نمبر03 |** تحریک کیسے چلائی جاتی ہے؟

**جواب:** تحریک چلانے کے لیے معاشرے میں موجود تمام شعبوں سے تعلق رکھنے والے لوگوں کی ذہن سازی کر کے اپنے مقصد کے حصول کی کوشش اور جدوجہد میں شامل کیا جاتا ہے۔

**سوال نمبر04 |** تحریک کون لوگ چلاتے ہیں؟

**جواب:** تحریک وہ لوگ چلاتے ہیں جنہوں نے تحریک کے مقاصد کے لیے اپنی زندگی یا زندگی کا ایک بڑا حصہ قربان کیا ہوتا ہے۔

**سوال نمبر05 |** تحریک میں کون لوگ شامل ہوتے ہیں؟

**جواب:** تحریک میں بغیر کسی امیر و غریب کی تقسیم کے ہر شعبے سے تعلق رکھنے والے افراد شریک ہوتے ہیں۔

۞ **سوال نمبر06** | کیا تحریک کا مقصد دنیاوی فائدے حاصل کرنا ہوتا ہے؟

**جواب:** ہر تحریک دنیاوی مقصد کے حصول کے لیے نہیں چلائی جاتی بلکہ کچھ تحریکیں خالصتاً مذہب کے دفاع کے لیے بھی چلائی جاتی ہیں۔

۞ **سوال نمبر07** | تحریک چلانے کے لیے کن کن چیزوں کی ضرورت ہوتی ہے؟

**جواب:** باصلاحیت، مخلص اور با اعتماد قیادت کے ساتھ ساتھ متحرک اور قابل بھروسہ کارکنان کی ضرورت ہوتی ہے۔

۞ **سوال نمبر08** | تحریک ناکام ہونے کی وجوہات کیا ہوتی ہیں؟

**جواب:** جب تحریک چلانے والوں کی نظر اللہ پاک کی ذات اور مدد سے ہٹ جاتی ہے اور اپنی ذات اور طاقت پہ ہوتی ہے تو ایسی تحریکیں ناکامی سے دوچار ہوتی ہیں۔

۞ **سوال نمبر09** | تحریک کامیاب کیسے بنتی ہے؟

**جواب:** جب تحریک کی قیادت اور عام کارکنان تمام ظاہری اسباب اختیار کرنے کے بعد اپنی نظر اللہ پاک کی ذات پہ رکھیں تو ایسی تحریکیں کامیابی حاصل کرتی ہیں۔

۞ **سوال نمبر10** | تحریک کے کامیاب ہونے سے کیا فائدے حاصل ہوتے ہیں؟

**جواب:** تحریک کے کامیاب ہونے کا سب سے بڑا فائدہ یہ ہوتا ہے کہ جن مقاصد کیلئے تحریک چلائی گئی تھی وہ مقاصد حاصل ہوجاتے ہیں۔تحریک میں شامل کارکنان کا جوش وجذبہ مزید بڑھ جاتا ہے۔

۞ **سوال نمبر11** | تحریک کے ناکام ہونے سے کیا نقصانات ہوتے ہیں؟

**جواب:** قیادت سے عام کارکنان کا اعتماد اٹھ جاتا ہے اور دوبارہ تحریک چلانا یا اسی تحریک کو مضبوط کرنا مشکل ہوجاتا ہے۔

۞ **سوال نمبر12** | پاکستان میں کون کون سی تحریکیں چلائی گئی ہیں؟

**جواب:** پاکستان میں مختلف ادوار میں مختلف قسم کی سیاسی اور دینی تحریکیں چلائی گئی ہیں۔

۞ **سوال نمبر13** | کیا پاکستان میں چلائی گئی تمام تحریکیں کامیاب ہوئیں؟

**جواب:** نہیں، پاکستان میں چلائی گئی تمام تحریکیں کامیاب نہیں ہوسکیں۔

۞ **سوال نمبر14** | پاکستان میں بڑی مذہبی تحریکیں کون کون سی ہیں اور کب کب چلائی گئیں؟

**جواب:** 1953، 1974، 1984ء کی تحریکیں پاکستان کی تاریخ کی بڑی تحریکیں تھیں۔

۞ **سوال نمبر 15** | 1953ء کی تحریک کس کے خلاف تھی؟

**جواب:** 1953ء کی تحریک اصل میں ختم نبوت کی تحریک تھی اور قادیانیوں کے خلاف یہ تحریک چلائی گئی تھی۔

۞ **سوال نمبر 16** | 1953ء کی تحریک ختم نبوت کا آغاز کس واقعے سے ہوا؟

**جواب:** جب مرزا قادیانی کے بیٹے نے تقریر میں بلوچستان کو احمدی صوبہ بنانے کا اعلان کیا اور قادیانیوں نے کراچی شہر میں ایک تقریب رکھی اور یہی اس تحریک کے چلنے کی اصل وجہ بنی۔

۞ **سوال نمبر 17** | 1953ء کی تحریک ختم نبوت کا آغاز کس شہر سے ہوا؟

**جواب:** 1953ء کی تحریک ختم نبوت کا آغاز کراچی شہر سے ہوا۔

۞ **سوال نمبر 18** | 1953ء کی تحریک ختم نبوت کے مقاصد کیا تھے؟

**جواب:** اس تحریک کے تین بنیادی مقاصد تھے۔

**01** | قادیانیوں کو کلیدی عہدوں سے ہٹایا جائے۔

**02** | قادیانیوں کو کافر قرار دیا جائے۔

**03** | وزیر خارجہ چوہدری ظفر اللہ خان قادیانی کو عہدے سے ہٹایا جائے۔

۞ **سوال نمبر 19** | 1953ء کی تحریک ختم نبوت کو چلانے والوں میں بڑے نام کون کون سے تھے؟

**جواب:** **01** | مولانا عطاء اللہ شاہ بخاری رحمۃ اللہ علیہ   **02** | ابوالحسنات قادری رحمۃ اللہ علیہ

**03** | مولانا ظفر علی خان رحمۃ اللہ علیہ   **04** | مولانا مودودی صاحب رحمۃ اللہ علیہ

۞ **سوال نمبر 20** | 1953ء کی تحریک ختم نبوت میں کون لوگ شامل ہوئے؟

**جواب:** 1953ء کی تحریک ختم نبوت میں ہر شعبے سے تعلق رکھنے والے امیر و غریب بغیر کسی تفریق کے شامل ہوئے۔

۞ **سوال نمبر 21** | 1953ء کی تحریک ختم نبوت میں کس کس مسلک اور علاقے کے لوگ شامل ہوئے؟

**جواب:** 1953ء کی تحریک ختم نبوت میں پاکستان میں موجود تمام مسالک اور ہر شہر کی عوام نے شرکت کی۔

۞ **سوال نمبر 22** | 1953ء کی تحریک ختم نبوت کا اختتام کیسے ہوا؟

**جواب:** 1953ء کی تحریک ختم نبوت میں حکومت نے تمام قیادت کو جیل بھیج کر عوام کا قتل عام کر کے بہت بری طرح سے اس تحریک کو کچل دیا۔

**۞ سوال نمبر 23 | 1953ء کی تحریک ختم نبوت میں پورے پاکستان میں کتنے مسلمانوں نے اپنی جانیں دیں؟**

**جواب:** 1953ء کی تحریک ختم نبوت میں پورے پاکستان میں تقریباً 16000 مسلمانوں نے اپنی جانیں قربان کیں اور ایک لاکھ لوگوں کو جیل بھیج دیا گیا۔

**۞ سوال نمبر 24 | 1953ء کی تحریک ختم نبوت میں لاہور شہر میں کتنے مسلمان شہید ہوئے؟**

**جواب:** 1953ء کی تحریک ختم نبوت میں لاہور شہر میں تقریباً 10,000 مسلمانوں نے شہادتیں پیش کیں۔

**۞ سوال نمبر 25 | 1953ء کی تحریک ختم نبوت کے ناکام ہونے کی وجوہات کیا تھیں؟**

**جواب:** حکومت نے پرامن تحریک کو ناکام بنانے کے لیے تشدد اور ظلم کا راستہ اختیار کیا جس کی وجہ سے یہ تحریک کامیاب نہ ہوسکی۔